**A**

**CCE RR/PR/PF/NSR/NSPR**
**FULL SYLLABUS**

ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,
ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD,**
**MALLESHWARAM, BENGALURU – 560 003**

ಆಗಸ್ಟ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ-3
**AUGUST 2024 EXAMINATION-3**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು
**MODEL ANSWERS**

ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ: **66-U** **Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು
# Subject : Third Language — URDU

(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)
(**Regular Repeater / Private Repeater / Private Fresh / NSR / NSPR**)

ದಿನಾಂಕ : 03. 08. 2024 ] [ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80
**Date : 03. 08. 2024 ]** **[ Max. Marks : 80**

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| I. | درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : **8 x 1 = 8** | |
| 1. | ایسی نظم جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف وتوصیف کی گئی ہو، وہ کہلاتی ہے۔<br>(A) نعت (B) حمد<br>(C) غزل (D) رُباعی<br>جواب : (B) حمد | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .2 | وہ کلمہ جو خود معنی دیتا ہو، اُسے کہتے ہیں۔ | |
| | (A) مستقل کلمہ (B) حُروفِ عطف | |
| | (C) حروفِ تخصیص (D) غیر مستقل کلمہ | |
| | جواب : (A) مستقل کلمہ | 1 |
| .3 | ''سائل کو اپنے در سے نہ لوٹاؤ'' جملہ میں علامتِ مفعول ہے۔ | |
| | (A) سائل (B) در | |
| | (C) کو، سے (D) لوٹاؤ | |
| | جواب : (C) کو، سے | 1 |
| .4 | وہ حروف جو سبب ظاہر کرتے ہیں، انہیں کہتے ہیں۔ | |
| | (A) شرط (B) علّت | |
| | (C) بیان (D) وصل | |
| | جواب : (B) علّت | 1 |
| .5 | ان میں مذکر لفظ یہ ہے۔ | |
| | (A) ترقی (B) روشنی | |
| | (C) بات (D) طریقہ | |
| | جواب : (D) طریقہ | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .6 | وہ حروف جو جُوش، خوشی، غم یا کسی دوسرے جذبے کے اظہار کے موقع پر بے ساختہ نکل جاتے ہیں، وہ کہلاتے ہیں۔ | |
| | (A) واہ، واہ (B) کہا، کہے | |
| | (C) کون، کون (D) نہیں، نہیں | |
| | جواب : (A) واہ، واہ | 1 |
| .7 | غزل کے سب سے اچھے شعر کو کہتے ہیں۔ | |
| | (A) مقطع (B) قطعہ | |
| | (C) بیتُ الغزل (D) مطلع | |
| | جواب : (C) بیتُ الغزل | 1 |
| .8 | رُباعی میں کون سا مصرعہ ردیف وقافیہ کا پابند نہیں ہوتا ؟ | |
| | (A) پہلا مصرعہ (B) دوسرا مصرعہ | |
| | (C) چوتھا مصرعہ (D) تیسرا مصرعہ | |
| | جواب : (D) تیسرا مصرعہ | 1 |
| .II | پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : | 4 × 1 = 4 |
| .9 | مضمون : مضامین :: فرد : ......... | |
| | جواب : افراد | 1 |
| .10 | درس گاہ : مدرسہ :: قائد : ......... | |
| | جواب : رہنما | 1 |
| .11 | بے حد : سابقہ :: یادگار : ......... | |
| | جواب : لاحقہ | 1 |
| .12 | دل : مذکر :: شمع : ......... | |
| | جواب : مؤنث | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .III | درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے : 4 × 1 = 4 | |
| .13 | کلبرگی کا قدیم نام کیا ہے ؟ | |
| | جواب : کلبرگی کا قدیم نام گلبرگہ ہے۔ | 1 |
| .14 | پروفیسر راہی سے مصنّف کی ملاقات کہاں ہوئی ؟ | |
| | جواب : ایک مشاعرے میں ہوتی۔ | 1 |
| .15 | راجا پرجا کا مالک کون ہے ؟ | |
| | جواب راجا پرجا کا مالک اللہ ہے۔ | 1 |
| .16 | اکبر الہٰ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی ؟ | |
| | جواب : دُنیا ان سے خوش رہے نہ رہے۔ | 1 |
| .IV | درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 8 × 2 = 16 | |
| .17 | ضلع کلبرگی کی اہم ندیاں کون سی ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ کرشنا ندی | 1 |
| | ☆ بھیما ندی | 1 |
| .18 | قدیم دور میں سائنس کی کون سی شاخیں تھیں ؟ نیز سائنس دان کو کس نام سے پکارا جاتا تھا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ قدیم دور میں سائنس کی مشہور شاخیں : | |
| | ☆ علم ریاضی، علم ہیئت ونجوم، | 1 |
| | ☆ علم کیمیا، علم طِب، حیاتیات وغیرہ۔ | 1 |
| | (نوٹ : کوئی دو لکھنا کافی ہے) | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | کوئی سستی شئے انمول شئے کب اور کیسے بنتی ہے ؟ | .19 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ کوئی سستی شئے نانو حالت اختیار کرلے | |
| 1 | ☆ تو وہ انمول بن جاتی ہے یا اس کی اہمیت بڑھ جائے۔ | |
| | اگر نانو حالت اختیار کرلے تو، وہ انمول بن جائے۔ | |
| | معمارِ میسور کے نام سے کون مشہور ہوئے اور اُن کی پیدائش کس ضلع میں ہوئی ؟ | .20 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ معمارِ میسور کے نام سے، سر ایم وشویشوریا مشہور ہوئے | |
| 1 | ☆ سر ایم وشویشوریا ضلع چکبالاپور میں پیدا ہوئے۔ | |
| | مولانا محمد علی جوہر کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام بتائیے۔ | .21 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ''کامریڈ''، انگریزی | |
| 1 | ☆ ''ہمدرد''، اردو | |
| | مشاعرے میں خطیب صاحب اپنا کلام کس طرح سناتے تھے ؟ | .22 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ مشاعرے میں خطیب صاحب اپنا کلام سناتے اور پہلے وہ حاضرین کو ڈانٹ بتاتے | |
| 1 | ☆ فقرہ بازی اور برجستہ گوئی سے رُعب جماتے، | |
| | پھر کچھ نظم ونثر کہتے، | |
| | کبھی لمبی کبھی مختصر نظم کہتے۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .23 | ٹیپو سلطان کے ساتھ غدّاری کرنے والوں میں کون کون شامِل تھے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ میر غلام علی خان، میر صادق | 1 |
| | ☆ میر ندیم، پورنیا وغیرہ ہیں۔ | 1 |
| .24 | مولانا محمد علی جوہؔر نے ابتدائی تعلیم کہاں حاصل کی اور ان کا لقب کیا تھا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ مولانا محمد علی جوہؔر کی ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں رام پور میں ہوئی۔ | 1 |
| | ☆ ''رئیس الاَ حرار'' اُن کا لقب ہے۔ | 1 |
| **V.** | **درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے :** **9 x 3 = 27** | |
| | **بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :** | |
| .25 | ''جاپانیوں کی ہر چیز چھوٹی ہوتی ہے، سوائے کردار کے۔'' | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ جملہ ''جاپان چلو جاپان چلو'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ اس کے مصنّف ''مجتبیٰ حسین'' ہیں۔ | 1 |
| | ☆ یہ جملہ مصنّف نے جاپانیوں کے اخلاق و کردار کی تعریف کرتے ہوئے دورانِ سفر کہا تھا۔ | 1 |
| .26 | ''مجھے ملاقات کے بارے میں اس وقت یاد آیا۔ جب میں نے اپنے دروازے پر آپ کا نام لکھا دیکھا۔'' | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ جملہ ''ملّا نصیر الدین کے قصّے'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ یہ جملہ ''ملّا نصیر الدین'' نے اپنے دوستوں سے کہا | 1 |
| | ☆ ملّا نصیر الدین نے اپنے دوستوں کے گھر جا کر اس وقت کہا کہ جب اُنہیں اپنے دوستوں سے کیا گیا وعدہ یاد آیا۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ''کم سُخن بھی ہیں، باتونی بھی۔'' | .27 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''سلیمان خطیب'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ مصنّف نے خطیب صاحب کے بارے میں اس وقت کہا کہ وہ جنوبی ہندوستان کے مشہور و معروف شاعر سلیمان خطیب صاحب کے مزاج اور شخصیت کے تعلق سے کہا۔ | |
| 1 | ☆ کہ وہ اکثر کم ہی بولتے تھے۔ مگر مشاعرے میں جب وہ اپنا کلام سناتے گھنٹوں تک سنایا کرتے تھے۔ | |
| | **درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :** | .28 |
| | (i) کرشن چندر (ii) ایم قادر علی خان | |
| | جواب : | |
| | (i) کرشن چندر : | |
| 1 | پیدائش – 19/نومبر 1913ء کشمیر | |
| | اہم نکات – ☆ ابتدائی تعلیم کشمیر اور لاہور میں، | |
| 1 | ☆ وکالت و مدرسّی کا پیشہ باری باری اختیار کیا | |
| | ☆ آل انڈیا ریڈیو اور فلموں سے وابستہ رہے۔ | |
| | ☆ افسانہ نگار، ناول نویس تھے، وہ سماج کے دبے کچلے بے زبان غریب عوام کے ہمدرد رہے۔ | |
| | تصنیف و تالیف – ☆ مظلوم انسانوں پر کہانیاں لکھیں۔ | |
| 1 | ☆ ان داتا، ٹوٹے تارے، پرانے خدا، نظارے، شکست، حسینوں کا شہر۔ | |
| | پیدائش – 1977ء ممبئی میں ہوا۔ | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) ایم قادر علی خان : | |
| | پیدائش — 1911ء میں ہنّولی، ضلع ٹمکور | |
| 1 | اہم نکات — ☆ 1931ء میں درس وتدریس کا پیشہ اختیار کیا۔ | |
| | ☆ ٹپٹور کی گورنمنٹ ہائی اسکول میں اردو اور فارسی کے مدرس | |
| 1 | کی حیثیت سے کام کیا | |
| | ☆ ان کی تالیف کی ہوئی اکثر کتابیں جن میں ان کے مضامین | |
| 1 | شامل ہیں۔ | |
| | درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے: | .29 |
| | (i) مولانا الطاف حسین حالیؔ (ii) مرزا اسد اللہ غالبؔ | |
| | جواب : | |
| | (i) مولانا الطاف حسین حالیؔ : | |
| | نام — محمد الطان حسین، تخلص حالیؔ | |
| | پیدائش — 1837ء بمقام پانی پت۔ | |
| 1 | وفات — 1914ء | |
| | اہم نکات — ☆ تکمیل تعلیم دہلی، مرزا غالب کے شاگرد بنے، سر سید احمد خان | |
| 1 | کی تحریک کو کامیاب بنانے میں اہم رول ادا کیا۔ | |
| | ☆ 1904ء میں حکومت کی طرف سے شمس العلما کا خطاب | |
| 1 | پایا۔ | |
| | تصنیف وتالیف — ☆ سوانح نگار ونقاد، یادگارِ غالب، حیات جاوید، حیات سعدی، | |
| | مقدمہ شعر وشاعری۔ | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) **مرزااسداللہ غالبؔ :** | |
| | نام — **مرزااسداللہ غالبؔ تخلص** | |
| | پیدائش — 1797ء آگرہ میں | |
| 1 | وفات — 15 فروری 1869ء دلّی میں۔ | |
| | اہم نکات — ☆ دلّی میں سکونت شعروسخن کہے۔ فارسی میں بھی ماہر تھے | |
| 1 | ☆ آخری عمر میں بہادرشاہ ظفرؔ کے کلام کی اصلاح کی | |
| | ☆ اردو کے مقبول شاعر، شاعری میں ایک خاص طرز کے موّجِد | |
| | مزاج میں شوخی وظرافت۔ | |
| | کتابیں — ☆ دیوانِ غالبؔ، کلیات نظم فارسی، اُردوئے معلّٰی، عودِ ہندی | |
| 1 | وغیرہ | |
| | **درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :** | |
| | ازل میں مِلا کیا نہ عالَم کے تئیں | 30. |
| | قضا نے یہی دِل دِلا یا ہمیں | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''میر تقی میرؔ'' کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کہتے ہیں کہ میں جب سے دنیا میں آیا ہوں۔ قسمت کا مارا ہوا ہوں۔ | |
| | ☆ ابتدائے دن سے میرا یہ حال ہو گیا ہے کہ دُکھ اور درد میرا مقدر بن گیا ہے۔ اور یہی | |
| 1 | میری زندگی کا سرمایہ ہو گیا ہے۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .31 | تماشائے دَیر وحرم دیکھتے ہیں<br>تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں<br>جواب : | |
| | ☆ یہ شعر ''داغ دہلوی'' کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ شاعر ''داغ'' اپنے اس شعر میں کہتے ہیں کہ جب کسی سے عشق اور محبت ہو جائے تو ہر | 1 |
| | ☆ جگہ معشوق کا جلوہ نظر آتا ہے، چاہے وہ مندر کیوں نہ ہو مسجد ہی کیوں نہ ہو۔ ہر طرف مجھے میرے محبوب کا جلوہ نظر آتا ہے۔ | 1 |
| .32 | یاروں کی محبت کا یقین کر لیا میں نے<br>پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھا<br>جواب : | |
| | ☆ یہ شعر ''ڈاکٹر بشیر بدر'' کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | 1 |
| | ☆ اس شعر میں شاعر بشیر بدر کہتے ہیں، جب میں اپنے دوستوں کی جھوٹی محبت پر آنکھ بند کر کے بھروسہ کرتا رہا۔ | 1 |
| | ☆ وہ میری پیٹھ پیچھے مجھ پر حملہ کرتے رہے اور میں ان کی بے وفائی سے بے خبر رہا۔ | 1 |
| .33 | درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے :<br>Lal Bagh is beautiful garden. There are varieties of flowers and lots of Roses in this garden.<br>جواب : | |
| | ☆ لال باغ خوبصورت باغ ہے۔ | 1 |
| | ☆ وہاں قسم قسم کے پھول ہیں۔ | 1 |
| | ☆ نیز یہاں بہت سارے گلاب کے پھول بھی ہیں۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : **4 x 4 = 16** | **VI.** |
| | آپ کی نصابی کتاب میں شامل ''نعت'' کے چار اشعار اپنی یاد داشت سے لکھیئے۔ | 34. |
| | جواب : | |
| | حمد | |
| | مولانا الطاف حُسین حالؔی | |
| 1 | ثنائے خدا ہے، ثنائے محمدؐ رضائے الٰہی رضائے محمدؐ | |
| 1 | حرم میں جو پہنچے تو گونجی صدا یوں وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمدؐ | |
| 1 | شفیع الامم، رحمت ہر دو عالم نہیں اور کوئی سوائے محمدؐ | |
| 1 | نگاہوں میں جچتا نہیں اور کوئی مرے دل میں جب سے سمائے محمدؐ | |
| | اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔ | 35. |
| | یا | |
| | عمر خیام کو علمِ ہیئت کا امام اور ریاضی دانِ اعظم کیوں کہا جاتا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ امّ المومنین حضرت عائشہؓ، عائشہؓ نام حضرت ابوبکرؓ کی دوسری صاحبزادی، ''صدیقہ'' لقب، کنّیت ام عبداللہ۔ | |
| 1 | ☆ آپؓ نہایت سعادت مند، بلند اخلاق و کردار، حضرتِ خولہؓ کے مشورے پر حضور اکرمؐ سے آپؓ کا نکاح، آپؐ کی چہیتی بیوی تھیں، حضرت عائشہؓ غنی، سخی تھیں۔ ایک مرتبہ ستّر ہزار درہم آپؓ کی خدمت میں آئے وہ سب اللہ کے راستے میں خرچ کر دیا۔ معاویہؓ ایک لاکھ درہم آپؓ کی خدمت میں بھجوایا اُسے بھی غریب، محتاج میں تقسیم کر دیا۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | ☆ آپؓ حضورؐ کی تعلیمات سے استفادہ کرتے ہوئے تاریخ، ادب، طِب میں مہارت پائی۔ یتیم بچوں کی پرورش کیں۔ | 1 |
| | ☆ 17 رمضان 57 ہجری کو عشاء کے وقت حضرت عائشہؓ کا انتقال ہوا۔ آپ کی عمرِ مبارک 66 سال تھی۔ ابوہریرہؓ نے جنازے کی نماز پڑھائی اور جنّت البقیع میں تدفین ہوئی۔ | 1 |
| | **یا** | |
| | ☆ عمر خیام شاعر کی حیثیت سے شہرت پائی۔ عمر خیام ایک سائنس دان ماہر ریاضی دان تھے۔ | 1 |
| | ☆ ان کی کتاب ''الجبراء والمقابلہ'' سے اہل یوروپ نے ریاضی دانِ اعظم ہونے کو تسلیم کیا۔ | 1 |
| | ☆ ''الجبراء والمقابلہ'' میں انہوں نے کئی دریافتیں کیں، چھ اصول ایسے بیان کیا جسے اور کسی نے دریافت نہیں کیا۔ | 1 |
| | ☆ الجبراء المقابلہ میں مسئلہ ''دورقمی'' ان کا قابلِ قدر کارنامہ واصول ہے اور ایجاد بھی ہے۔ | 1 |
| | **درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :** | |
| 36. | تمباکو نوشی ہماری انسانی سوسائٹی کی ایک بڑی کمزوری ہے۔ اس کے جسمانی و ذہنی نقصانات تو ہیں ہی اور اس کے بہت زیادہ دنوں سے استعمال نے تمباکو نوشی پر قابو پانا ناممکن بنا دیا ہے۔ جس کا انسانی صحت پر بہت بُرا اثر پڑ رہا ہے چاہے وہ اجتماعی ہو یا اقتصادی، نقصان ہو رہا ہے۔ اور اِن نقصانات کو انسانی آبادی کو بچانے کے لئے کئی تدبیریں اور کانفرنسیں بھی و دیگر ذرائع بھی استعمال ہو رہے ہیں۔ سب سے پہلے اس | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | بُری عادت بلکہ اس ذہنی بیماری کو ابتداء میں وقتی سکون پانے کے لئے کولمبس کے ایک ساتھی جہاز کے کیپٹن نے کیا تھا۔ جو پہلی جنگِ عظیم 1914ء سے 1918ء کے زمانے میں شروع کیا۔ وہ پرتگال سے لے آیا تھا۔ وہ وہاں اس وبا کو پھیلانے میں اہم رول ادا کیا پھر یہاں سے یہ بیماری دنیا کے دیگر ملکوں میں پھیل گئی۔ اگرچہ کے کچھ ملک اپنی فوجوں کو چاق و چوبند رکھنے کے لئے یہ دیا کرتے تھے۔ اب یہ ان کا ہتھیار بن گیا ہے۔ جبکہ اس میں 250 زہریلے مادّے پائے جاتے ہیں۔ ان میں سب سے بنیادی زہر ''نیکوٹین'' ہے، جو جان لیوا امراض بن گئے ہیں۔ | |
| | **سوالات :** | |
| | (i) تمباکو نوشی انسانی سوسائٹی کے لئے کیا ہے ؟ | |
| | (ii) تمباکو نوشی کے نقصانات سے بچانے کے لئے کیا تدبیریں کی جارہی ہیں ؟ | |
| | (iii) سب سے پہلے اس بُری عادت و ذہنی بیماری کی ابتدا کہاں سے ہوئی ؟ | |
| | (iv) تمباکو نوشی میں کتنے زہریلے مادّے پائے جاتے ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) ایک کمزوری ہے۔ | |
| 1 | (ii) کانفرنس و دیگر ذرائع استعمال کئے جارہے ہیں۔ | |
| 1 | (iii) جنگِ عظیم پہلی کے زمانے سے شروع ہوئی۔ | |
| 1 | (iv) 250 زہریلے مادّے پائے جاتے ہیں۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر 12 تا 15 جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے :** | |
| | (i) چندرایان : ہندوستان کی بہت بڑی کامیابی | .37 |
| | یا | |
| | (ii) قومی تہوار | |
| | جواب : | |
| | **چندرایان ہندوستان کی بہت بڑی کامیابی :** | |
| | مضمون نویسی – **چندرایان : ہندوستان کی بہت بڑی کامیابی** | |
| 1 | تمہید – کسی قول، فقرہ یا کہاوت سے آغاز۔ | |
| 1 | نفسِ مضمون – ☆ اہمیت، افادیت، ضرورت | |
| 1 | ☆ برے اثرات ونقصانات | |
| | ☆ احتیاطی تدبیر۔ | |
| 1 | اختتام – چندرایان پر اپنی معلومات واہمیت وضرورت پر اپنے خیالات کا اظہار | |
| | یا | |
| | **قومی تہوار :** | |
| | مضمون نویسی – **''قومی تہوار''** | |
| 1 | تمہید – کسی قول، فقرہ یا ضربُ المثل سے مضمون کا آغاز۔ | |
| 1 | نفسِ مضمون – ☆ کسی بھی قومی تہوار کا نام اہمیت وتعارف | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | ☆ پسندیدگی کے اسباب وخوشیاں منانے کا اظہار وایک دوسرے کو مبارکبادیاں دینا۔ | |
| 1 | اختتام – مضمون سے متعلق اپنے خیالات وخوشیوں کا اظہار ومبارک بادی پر اپنے دلی خوشیوں کا اظہار کرنا وغیرہ۔ | |
| | **خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** **1 x 5 = 5** | **VII.** |
| | اپنے میر معلّم/میر معلّمہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں تین دن کی چھٹّی مانگی گئی ہو۔ | 38. |
| | جواب : | |
| | **مکتوب نگاری :** | |
| | میر معلّم/میر معلّمہ کے نام درخواست | |
| 1 | i) ازمقام : <br> ii) مورخہ : | |
| 1 | iii) آداب والقاب : محترم میر معلّم/میر معلّمہ آداب | |
| 1 | iv) مضمونِ : درخواست ین دن کی چھٹّی سے متعلق | |
| 1 | v) اختتام : فقط آپ کا/آپ کی/شاگرد/شاگردہ۔ | |
| 1 | vi) مکتوب الیہ کا نام اور پتہ : | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔ | |
| | والد/ والدہ کے نام ایک خط | |
| | i) ازمقام : | |
| 1 | ii) مورخہ : | |
| 1 | iii) آداب والقاب : والدہ صاحبہ/ والدصاحب قبلہ آداب | |
| 1 | iv) مضمونِ خط : امتحان کی تیاری کا ذکر | |
| 1 | v) اختتام : فقط آپ کا/ آپ کی/ بیٹا/ بیٹی/ چہیتی/ چہیتا۔ | |
| 1 | vi) مکتوب الیہ کا نام اور پتہ : | |